فضائل حسنین کریمین

حسنین کریمین رضی اللہ عنہما حضرت حسن اور حسین جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔ میزبان رسول حضرت ابو ایوب انصاری روایت فرماتے ہیں کہ میں خدمت نبوی میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ حسنین کریمین حضور پرنور صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کھیل رھے ہیں جس پر میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آپ ان سے بہت پیار فرماتے ہیں؟ جس پر آپ نے فرمایا: کیوں نہیں ، وہ میرے جسم کے باغ کے پھول ہیں۔

1. حضور صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کے گلشن کے پھول

بخاری شریف کے باب مناقب الحسن والحسین میں حدیث نبوی ہے۔ هما ریحانتای من الدنیا۔ وہ دو، حسن اور حسین دنیا میں میرے دو خوشبودار پھول ہیں۔ حضرت انس بن مالک روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ اهل بیت میں سے آپ کو کون زیادہ محبوب ہیں؟ تو آپ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: الحسن والحسین۔1

2. حسنین کریمین جنت کی زینت

امام طبرانی کی معجم اوسط کی ایک روایت ہے کہ جنتی حضرات جنت میں سکون پزیر ہوں گے تو جنت بارگاہ رب العزت میں عرض کرے گی۔ کیا تو نے وعدہ نہیں فرمایا کہ تو اپنے دو ارکان سے مجھے مزین فرمائے گا ؟ جس پر اللہ سبحانہ وتعالی ارشاد فرمائے گا کہ کیا میں نے تجھے حسن و حسین سے مزین نہیں کیا ؟ یہ سن کر جنت دلہن کی طرح فخر وناز کرنےلگے گی ۔2

3. مرویات حسنین کریمین

سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب اس ظاہری دنیا سے پردہ فرمایا تو حسنین کریمین اس وقت عمروں میں چھوٹے تھے لیکن صغار صحابہ کرام کی طرح بہت سی احادیث نبویہ ان سے منسوب ہیں۔بقی بن مخلد نے اپنی مسند میں حضرت امام حسن سے 13 احادیث اور حضرت امام حسین سے 8 احادیث کو ذکر کیا ہے۔ 3

4. حوالہ جات

1. فضائل حسنین کریمین، افتخار احمد حافظ قادری، ص 12 2. فضائل حسنین کریمین، افتخار احمد حافظ قادری، ص 13 3. فضائل حسنین کریمین، افتخار احمد حافظ قادری، ص